Our Reference: SEC/PSX/27/25

January 07, 2026

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

Dear Sir

PRIOR INTIMATION OF NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Pursuant to Regulation 5.6.9(b) of the Rule Book of Pakistan Stock Exchange Limited, we are pleased to send herewith advance copies of the Notice of the Extraordinary General Meeting of Pakistan Oxygen Limited (the "Company"), in both English and Urdu, scheduled to be held on Friday, January 30, 2026.

The said notices are scheduled to be published on January 08, 2026, in the newspapers "The Daily Business Recorder (English) and The Daily Duniya (Urdu)".

Yours Sincerely,

PAKISTAN OXYGEN LIMITED ★ KARACHI

Jamshed Azhar
Chief Financial Officer

Encl: As above

Copy to:

The Executive Director/HOD
Offsite-II Department
Securities & Exchange Commission of Pakistan
Corporate Supervision Department-Company Law Division
63, NIC Building, Jinnah Avenue
Islamabad

Pakistan Oxygen Limited
P.O.Box 4845 Dockyard Road, West Wharf, Karachi - 74000
Phone: +9221 3231 3361-9 | Fax: +9221 3231 1809 | Email: info.pk@pakoxygen.com | Web: www.pakoxygen.com

PAKISTAN OXYGEN LIMITED

NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Extraordinary General Meeting ("EOGM") of **PAKISTAN OXYGEN LIMITED** (the "Company") will be held on Friday, the 30th day of January 2026 at 03:30 p.m. virtually via Video Link Facility and in person at the Company's Registered Office, West Wharf, Dockyard Road, Karachi to transact the following business:

ORDINARY BUSINESS:

1. To elect Ten (10) Directors of the Company as fixed by the Board of Directors in their meeting held on December 08, 2025, in accordance with Section 159 of the Companies Act, 2017 (the "Act") for a period of 3 years commencing from January 30, 2026. The retiring Directors are Mr. Waqar Ahmed Malik, Mr. Siraj Ahmed Dadabhoy, Syed Hassan Ali Bukhari, Mr. Shahid Mehmood Umerani, Mr. Mohammad Iqbal Puri, Mr. Kamran Gul E Anwer, Ms. Tushna D Kandawalla, Mr. Tayyeb Afzal, Mr. Nadir Salar Qureshi and Mr. Asad Said Jafar.

A statement of material facts as required under Section 166(3) of the Act is annexed to this Notice of Meeting and is being sent to the Members.

By Order of the Board

Karachi:
December 08, 2025

MAZHAR IQBAL
Company Secretary

NOTES:

1. **Closure of Share Transfer Books:**
Share Transfer Books of the Company will remain closed from January 23, 2026 to January 30, 2026 (both days inclusive). Transfers received at the Company's Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400 at the close of business on January 22, 2026 will be treated in time for the purpose of the Extraordinary General Meeting.
Only those shareholders whose names appear in the Register of Members of the Company at the close of business on January 22, 2026 are entitled to attend and vote at the EOGM.

2. **Attendance in the EOGM and Appointment of Proxy:**
I) A member entitled to attend, speak and vote at the EOGM may appoint another person as a proxy to attend and vote on his/her behalf. The proxy must be a member of the Company except that a Corporation, being a member of the Company, may appoint as its proxy one of the officers or some other person though not a member of the Company.
II) An instrument of proxy in order to be effective must be deposited at the Company's Registered Office, West Wharf, Dockyard Road, Karachi-74000 or through email at company.secretary@pakoxygen.com not less than 48 hours before the time of the meeting.
Further copies of the instrument of proxy may be downloaded from the Company's website: (https://www.pakoxygen.com).

3. **Change in Members Address:**
Members are requested to immediately notify any change in their address or bank mandate as registered to the Company's Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited at their above-mentioned address.

4. **Guidelines for CDC Account Holders:**
Account Holders of Central Depository Company of Pakistan Limited ("CDC") will further have to follow the under-mentioned guidelines as laid down in Circular 1, dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP):
A. For Attending the Meeting:
i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person, whose securities are in a group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport as applicable at the time of attending the meeting.
ii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.
B. For Appointing Proxies:
i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person, whose securities are in a group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.
ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
iv) The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport, as applicable, at the time of the meeting.
v) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with the proxy form to the Company.

5. **Participation in the EOGM through Video Link Facility:**
The Company has made necessary arrangements to hold its EOGM proceedings also via video conference facility. Shareholders, interested to participate in the EOGM through video link, are requested to send their particulars, as set out in the table below, by email, WhatsApp, or any other electronic means or by post or courier with the subject "Registration for EOGM of Pakistan Oxygen Limited – 2026" along with valid copy of both sides of CNIC on the following:
Email: company.secretary@pakoxygen.com
Cell Phone Number: +92 320 5794509
Registered Office Address: Pakistan Oxygen Limited, West Wharf, Dockyard Road, Karachi-74000:

Name of Shareholder	CNIC No.	Folio No.	Cell No.	Email Address

The video link and login credentials will be shared with only those members/appointed proxies, whose emails, containing the aforesaid particulars, are received by the Company at least 48 hours before the time of EOGM.

6. **List of Shareholders:**
As per Clause 2(g)(iii)(c) of SRO 1196(I)/2019 dated October 03, 2019 issued by the SECP, a password protected list of shareholders, and their addresses is available on the website of the Company. Candidates intending to contest the election can submit a request for the password to access the list of shareholders by emailing the Company at company.secretary@pakoxygen.com with their full name, CNIC number and folio number.

7. **Procedure For E-Voting & Postal Ballot:**
The members are hereby notified that the SECP, vide Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 as amended through Notification No. SRO 2192(1)/2022 dated December 05, 2022, requires all the listed companies to provide the right to vote through electronic voting facility and voting by post to the members on all businesses classified as special business and in case of election of directors, if the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under sub-section (1) of section 159 of the Act.
Accordingly, the members of the Company will be allowed to exercise their right to vote through e-voting facility or voting by post for the election of directors if the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed in this forthcoming Extraordinary General Meeting. In accordance with the conditions mentioned in the aforesaid regulations, the Company shall provide its members with the following options for voting:
a. Procedure for E-voting:
i. Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Company by the close of business of January 22, 2026.
ii. The web address and login details will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to members through SMS from web portal of CDC Share Registrar Services Limited (being the e-voting service provider).
iii. Identity of the members intending to cast vote through e-Voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.
iv. E-Voting lines will start from January 27, 2026, 09:00 a.m. and shall close on January 29, 2026 at 5:00 p.m. Members can cast their votes any time during this period. Once the vote on a resolution is cast by a Member, he / she shall not be allowed to change it subsequently.
b. Procedure For Voting Through Postal Ballot:
i. For members who wish to opt for voting through post, Ballot Paper will be published and the same will also be available on the Company's website https://www.pakoxygen.com within the stipulated timeframe.
ii. The members shall ensure that duly filled and signed ballot paper, along with a copy of CNIC/NICOP or Passport (in case of foreign national), should reach the Chairman of the meeting through post on the Company's registered address West Wharf, Dockyard Road, Karachi or email at company.secretary@pakoxygen.com one day before the Extraordinary General Meeting, during working hours.

8. **Scrutinizer:**
In compliance with the requirements of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, the Board of Directors of the Company has appointed M/s. BDO Ebrahim & Co., Chartered Accountants (a QCR-rated audit firm being the Company's Statutory Auditors), to act as the Scrutinizer for the EOGM. The Scrutinizer will oversee the election of directors and perform all related functions and responsibilities prescribed under Regulation 11A of the Postal Ballot Regulations.

9. **Requirement to incorporate email address and cell number:**
Members are requested to have their updated email and cell number incorporated in their physical folio with the Share Registrar of the Company and with their Participant or Broker / CDC Investor Account Services for shares held in electronic form.

10. **Submission of CNIC/NTN (Mandatory):**
Shareholders, who have not yet submitted a photocopy of their valid CNIC to the Company/Share Registrar, are once again requested to send their CNIC (copy) at the earliest directly to the Company's Share Registrar. Corporate Entities are also requested to provide their National Tax Number (NTN).
As per Regulation No. 6 of the Companies (Distribution of Dividend) Regulations, 2017, the Company will be constrained to withhold payment of dividend to shareholders, in case of non-availability of identification number of the shareholder or authorized person (CNIC or NTN).

11. **Conversion of Physical Shares into the Book Entry Form:**
In continuation of the Company's earlier notification on the subject through direct letter and notice in the press, shareholders, who still hold shares in physical form, are once again requested to convert their physical shares into book-entry form at the earliest for compliance with Section 72(2) of the Companies Act, 2017. Shareholders may contact a PSX Member, CDC Participant or CDC Investor Accounts Services Provider for assistance in opening a CDS Account and subsequent conversion of the physical shares into book-entry form.
Maintaining shares in book-entry form has many advantages such as safe custody of shares, avoidance of formalities required for issuance of duplicate shares and readily available for sale and purchase in open market, at better rates.

12. **Code of Conduct for shareholders at General Meetings:**
Pursuant to Section 215 of the Act, shareholders shall not directly influence or approach the Management in a manner that could hinder its smooth functioning. Additionally, Regulation 55 of the Companies Regulations, 2024, "Conduct of Shareholders in the Meeting", provides that shareholders:
i. shall not bring such material that may cause threat to participants or premises where meeting is being held;
ii. shall confine themselves to the agenda items covered in the notice of the meeting;
iii. shall keep comments and discussion restricted to the affairs of the company; and
iv. shall not conduct in a manner to disclose any political affiliation or offend religious susceptibility of other members.

13. **Prohibition on Distribution of Gifts to shareholders:**
The SECP, vide Circular No. 2 of 2018 dated February 9, 2018, and S.R.O. 452(I)/2025 dated March 17, 2025, has strictly prohibited companies from offering or distributing gifts, incentives, or any similar benefits (including but not limited to tokens, coupons, meals, or takeaway packages) to Members at or in connection with general meetings. In accordance with Section 185 of the Act, any non-compliance with these directives constitutes a punishable offence, and companies found in violation may be subject to enforcement actions and penalties. The Company will observe these requirements in strict compliance of the law.

STATEMENT OF MATERIAL FACTS AS REQUIRED UNDER SECTION 166(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

Agenda Item No. 1 – Election of Directors

Section 166(3) of the Companies Act, 2017 (the "Act") requires that a statement of material facts is required to be annexed to the notice of the general meeting called for the purpose of election of Directors which shall indicate the justification for choosing independent directors.

The term of office of the present Directors of the Company will expire on January 29, 2026. In terms of Section 159(1) of the Act, the Directors have fixed the number of Directors at Ten (10) to be elected in the EOGM for a period of three years.

All retiring directors are eligible to offer themselves for re-election. Any person who seeks to contest the election of directors must file a notice of his/her intention to offer himself/herself for election as a director, in terms of Section 159(3) of the Act, not later than fourteen (14) days before the date of the EOGM.

The present Directors are interested to the extent that they are eligible for re-election as Directors of the Company.

Any person who seeks to contest election to the office of Director shall, whether he/she is a retiring director or otherwise, file with the Company at its registered office, West Wharf, Dockyard Road, Karachi-74000, not later than fourteen (14) days before the date of meeting, the following documents:

(i) Notice of his/her intention to offer himself/herself for the election of directors in terms of Section 159(3) of the Act, together with the consent to act as Director in Appendix to Form-9 prescribed under the Act.
(ii) Detailed profile along with the office address to be placed on the Company's website seven days prior to the date of election in term of SECP's S.R.O. 1196(I)/2019 of October 03, 2019;
(iii) A Director must be a member of the Company at the time of filing his/her consent for contesting the election of Directors except a person representing a member, which is not a natural person.
(iv) A declaration confirming that:
a) He/she is aware of his/her duties and powers under the relevant laws, Memorandum & Articles of Association of the Company, and listing regulations of Pakistan Stock Exchange Limited;
b) He/she is not ineligible to become a director of a listed company under any provision of the Act, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and any other applicable laws, rules and regulations.

Independent Directors will be elected through the process of election of Directors in terms of Section 159 of the Act and they shall meet the criteria as laid down under Section 166(2) of the Act and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018 and his/her name is included in the data bank of Independent Directors maintained by Pakistan Institute of Corporate Governance (PICG) duly authorized by the Securities and Exchange Commission of Pakistan. Further, their selection will be made due to their respective competencies, skill, knowledge and experience.

Additional documents are to be submitted by the candidates intending to contest election of directors as Independent Director:

a) Declaration by Independent Director(s) under Clause 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019; and
b) Undertaking on non-judicial stamp paper that he/she meets the requirements of Regulation 4(1) of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

PAKISTAN OXYGEN LIMITED

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ **پاکستان آکسیجن لمیٹڈ** (" کمپنی") کا غیر معمولی اجلاسِ عام ("EOGM") بروز جمعہ، 30 جنوری 2026، بوقت 03:30 بجے بذریعہ ویڈیو لنک اور بالمشافہ کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا، اجلاس ہٰذا میں درج ذیل امور کو زیرِ کارروائی لایا جائے گا۔

عمومی امور:

1۔ کمپنی کے دس (10) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس مؤرخہ 08 دسمبر 2025 میں کمپنیز ایکٹ 2017 (''ایکٹ'') کی دفعہ 159 کے مطابق مقرر کیا ہے، ان ڈائریکٹرز کی مدت تین (3) سال کے لیے ہے جو کہ 30 جنوری 2026 سے شروع ہوگی۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز درج ذیل ہیں:

جناب وقار احمد ملک، جناب سراج احمد دادا بھائی، سید حسن علی بخاری، جناب شاہد محمود عمرانی، جناب محمد اقبال پوری، جناب کامران گل ای انور، محترمہ تشنہ ڈی کانڈاوالا، جناب طیّب افضل، جناب نادر سالار قریشی اور جناب اسد سعید جعفر۔

ایکٹ کی دفعہ (3)166 کے تحت درکار اہم حقائق کا بیان اجلاس کے نوٹس ہٰذا کے ساتھ منسلک ہے اور اراکین کو ارسال کیا جا رہا ہے۔

بحکم بورڈ

مظہر اقبال

کمپنی سیکرٹری

کراچی:

08 دسمبر 2025

نوٹس:

1۔ **شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مؤرخہ 23 جنوری 2026 تا 30 جنوری 2026 (بشمول ایام مذکورہ) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی شیئر رجسٹرار، سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کے پاس 22 جنوری 2026 کے کاروباری دن کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلیوں کو غیر معمولی اجلاسِ عام (EOGM) کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

صرف وہی حصص یافتگان جن کے نام 22 جنوری 2026 کے کاروباری دن کے اختتام تک کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں درج ہوں گے، غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہوں گے۔

2۔ **غیر معمولی اجلاسِ عام میں حاضری اور پراکسی کی تقرری:**

(i) ایسا کوئی بھی ممبر جو غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے، اظہارِ رائے اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہو، وہ کسی دوسرے شخص کو اپنی جگہ پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا لازم ہے، ماسوائے کارپوریشن ممبر کی صورت میں، اس صورت میں اپنے کسی افسر یا کسی دوسرے شخص کو (جو کمپنی کا ممبر نہ بھی ہو) پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔

(ii) پراکسی فارم کے مؤثر ہونے کے لیے لازم ہے کہ فارم اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی-74000 پر یا ای میل company.secretary@pakoxygen.com پر جمع کروایا جائے۔

پراکسی فارم کی مزید کاپیاں کمپنی کی ویب سائٹ (https://www.pakoxygen.com) سے بھی ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔

3۔ **اراکین کے پتے میں تبدیلی:**

اراکین سے گزارش ہے کہ اپنے پتے یا بینک مینڈیٹ میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی فوری اطلاع کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے مذکورہ بالا پتے پر دیں۔

4۔ **سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ہدایات:**

سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("سی ڈی سی") کے اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مؤرخہ 26 جنوری 2000 کے مطابق درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

الف۔ اجلاس میں شرکت کے لیے:

(i) بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہوں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرائے گا/گی۔

(ii) اگر اکاؤنٹ ہولڈر کوئی کارپوریٹ ادارہ ہو تو اس کے نامزد کردہ فرد کے نمونہ دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگی (اِلّا یہ کہ پہلے سے جمع کرائی جا چکی ہو)۔

ب۔ پراکسی کی تقرری کے لیے:

(i) بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا گروپ اکاؤنٹ میں سیکیورٹیز رکھنے والا شخص جس کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اَپ لوڈ ہوں، وہ مطلوبہ شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائے گا۔

(ii) پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط ہوں گے جن کے نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

(iii) مستفید مالکان اور پراکسی دونوں کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ضروری ہیں۔

(iv) پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا/گی۔

(v) اگر اکاؤنٹ ہولڈر کوئی کارپوریٹ ادارہ ہو تو پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی (نمونہ دستخط کے ساتھ) جمع کرانا ضروری ہے (اِلّا یہ کہ پہلے سے جمع کرائی جا چکی ہو)۔

5۔ **ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت:**

کمپنی نے غیر معمولی اجلاسِ عام کی کارروائی میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کے لیے ضروری انتظامات کئے ہیں۔ جو حصص یافتگان ویڈیو لنک کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، وہ درج ذیل جدول کے مطابق اپنی تفصیلات بذریعہ ای میل، واٹس ایپ، یا کسی بھی الیکٹرانک ذرائع کوریئر یا ڈاک بعنوان "Registration for EOGM of Pakistan Oxygen Limited - 2026" معہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی دو طرفہ نقل کمپنی کو ارسال کریں گے۔

ای میل: company.secretary@pakoxygen.com

موبائل نمبر: +92 320 5794509

رجسٹرڈ آفس کا پتہ: پاکستان آکسیجن لمیٹڈ، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی-74000

شیئر ہولڈر کا نام	قومی شناختی کارڈ نمبر	فولیو نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

ویڈیو لنک اور لاگ اِن تفصیلات صرف انہی اراکین یا ان کے مقرر کردہ پراکسیز کو ارسال کی جائیں گی جن کی جانب سے کمپنی کو مذکورہ بالا معلومات بذریعہ ای میل غیر معمولی اجلاسِ عام شروع ہونے سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل موصول ہو جائیں گی۔

6۔ **شیئر ہولڈرز کی فہرست:**

ایس ای سی پی کے جاری کردہ SRO1196(I)/2019 مؤرخہ 03 اکتوبر 2019 کی شق (c)(iii)(g)2 کے مطابق پاس ورڈ سے محفوظ شیئر ہولڈرز کی فہرست اور ان کا پتہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ جو امیدوار الیکشن میں حصہ لینا چاہتے ہیں وہ اپنی مکمل تفصیلات، یعنی مکمل نام، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر اور فولیو نمبر کے ساتھ کمپنی کو company.secretary@pakoxygen.com پر ای میل بھیج کر فہرست تک رسائی کے لیے پاس ورڈ کی درخواست کر سکتے ہیں۔

7۔ **ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کا طریقہ کار:**

اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایس ای سی پی نے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 میں نوٹیفکیشن نمبر SRO2192(1)/2022 مؤرخہ 05 دسمبر 2022 کے ذریعے ترمیم کر کے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو پابند کیا ہے کہ وہ خصوصی کاروبار کی تمام قراردادوں اور ڈائریکٹرز کے انتخاب کی صورت میں، اگر امیدواروں کی تعداد ایکٹ کی دفعہ (1)159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو، اراکین کو الیکٹرانک ووٹنگ اور ووٹنگ بذریعہ ڈاک کی سہولت فراہم کریں۔

لہٰذا، اگر ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے امیدواروں کی تعداد مقررہ تعداد سے زیادہ ہوئی تو کمپنی کے اراکین کو اس غیر معمولی اجلاسِ عام میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے ای ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا حق حاصل ہوگا۔ مذکورہ بالا ریگولیشنز میں مندرج قواعد کی رو سے مندرجہ ذیل طریقہ کار کے مطابق اراکین کو ووٹنگ کے مواقع فراہم کیے جائیں گے:

الف۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار:

(i) ای ووٹنگ کی تفصیلات ان اراکین کو ای میل کے ذریعے ارسال کی جائیں گی جن کے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں 22 جنوری 2026 کے کاروباری دن کے اختتام تک درج ہوں گے۔

(ii) ویب ایڈریس اور لاگ اِن تفصیلات ای میل کے ذریعے ارسال کی جائیں گی، جبکہ سیکیورٹی کوڈز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (بطور ای ووٹنگ سروس پرووائیڈر) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے بھیجے جائیں گے۔

(iii) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن کی توثیق کے ذریعے تصدیق کی جائے گی۔

(iv) ای ووٹنگ لائنز **27 جنوری 2026 صبح 09:00** بجے سے کھولی جائیں گی اور **29 جنوری 2026 شام 05:00** بجے بند ہوں گی۔ اراکین اس مدت کے دوران کسی بھی وقت ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ ووٹ ڈالنے کے بعد اسے تبدیل نہیں کیا جا سکے گا۔

ب۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار:

(i)۔ وہ اراکین جو بذریعہ ڈاک ووٹ دینا چاہتے ہیں، ان کے لیے بیلٹ پیپر شائع کیا جائے گا اور مقررہ مدت کے اندر اندر کمپنی کی ویب سائٹ **https://www.pakoxygen.com** پر بھی دستیاب ہوگا۔

(ii)۔ اراکین اس بات کو یقینی بنائیں کہ درست طور پر پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، قومی شناختی کارڈ یا نائے کوپ (NICOP) یا پاسپورٹ، (اگر رکن غیر ملکی ہو)، کی نقل کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرڈ پتے، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی یا ای میل company.secretary@pakoxygen.com پر غیر معمولی اجلاسِ عام سے ایک دن قبل، دفتری اوقات کے دوران، چیئرمین اجلاس تک پہنچ جائے۔

8۔ **جانچ کنندہ:**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے قواعد کے مطابق کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (جو کمپنی کے آڈیٹرز اور QCR ریٹیڈ آڈٹ فرم ہیں) کو غیر معمولی اجلاسِ عام کیلئے جانچ کار مقرر کیا ہے۔ جانچ کار ڈائریکٹرز کے انتخابات کی نگرانی کرے گا اور ریگولیشن 11A کے تحت تمام متعلقہ ذمہ داریاں اور افعال انجام دے گا۔

9۔ **ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر کی شمولیت:**

اراکین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے تجدید شدہ ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس اپنے فزیکل فولیو میں اور الیکٹرانک شیئرز رکھنے والے اراکین اپنے متعلقہ شراکت داروں، بروکر یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے پاس درج کروائیں۔

10۔ **کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/این ٹی این نمبر کی ترسیل (لازمی)**

وہ حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کارآمد نقل کمپنی یا شیئر رجسٹرار کو جمع نہیں کروائی، ان سے دوبارہ درخواست ہے کہ جلد از جلد اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کر دیں۔ کارپوریٹ ادارے بھی اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کریں۔

کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کے ریگولیشن نمبر 6 کے تحت، کمپنی اس صورت میں ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے کی پابند ہوگی اگر شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کا شناختی نمبر دستیاب نہ ہو۔

11۔ **فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:**

اس سلسلے میں کمپنی کے گذشتہ نوٹسز اور اخباری اعلانات کے تسلسل میں ان اراکین سے دوبارہ گزارش ہے جو اب تک فزیکل شیئرز رکھتے ہیں کہ وہ جلد از جلد اپنے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں، تا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2)72 پر عمل درآمد ہو سکے۔ شیئر ہولڈرز اس مقصد کے لیے پاکستان اسٹاک ایکسچینج ممبر، سی ڈی سی شراکت داروں یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹس سروسز فراہم کرنے والوں سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

بک انٹری کی صورت میں شیئرز رکھنے کے کئی فائدے ہیں، مثلاً شیئرز کی محفوظ تحویل، ڈپلی کیٹ شیئرز کے حصول کی رسمی کارروائیوں سے نجات اور اوپن مارکیٹ میں بہتر ریٹس پر آسانی سے خرید و فروخت کی سہولت وغیرہ۔

12۔ **عام اجلاسوں میں حصص یافتگان کے لیے ضابطہ اخلاق:**

ایکٹ کی دفعہ 215 کے مطابق حصص یافتگان انتظامیہ پر ایسا براہِ راست اثر یا دباؤ نہیں ڈال سکتے جو اس کے معمول کے کام میں رکاوٹ بنے۔ مزید برآں کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے ریگولیشن 55 بعنوان "ضابطہ اخلاق برائے حصص یافتگان" کے مطابق حصص یافتگان:

(i) ایسا مواد اجلاس میں نہ لائیں جو شرکاء یا اجلاس کے مقام کے لیے خطرہ بن سکے؛

(ii) خود کو صرف اُن ایجنڈا آئٹمز تک محدود رکھیں جو اجلاس کے نوٹس میں شامل ہیں؛

(iii) تبصرے اور گفتگو کو صرف کمپنی کے امور تک محدود رکھیں؛ اور

(iv) ایسا طرزِ عمل اختیار نہ کریں جس سے کسی سیاسی وابستگی کا اظہار ہو یا کسی رکن کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچے۔

13۔ **شیئر ہولڈرز کو تحائف کی تقسیم پر پابندی:**

ایس ای سی پی نے سرکلر نمبر 2 بابت 2018 مؤرخہ 9 فروری 2018 اور S.R.O.452(I)/2025 مؤرخہ 17 مارچ 2025 کے ذریعے کمپنیوں کو سختی سے منع کیا ہے کہ وہ عام اجلاسوں کے دوران یا ان کے سلسلے میں اراکین کو کوئی تحائف، مراعات یا اسی نوعیت کے فوائد (جن میں ٹوکن، کوپن، کھانا، یا ٹیک اوے پیکجز وغیرہ شامل ہیں) نہ دیں۔

ایکٹ کی دفعہ 185 کے مطابق، ان ہدایات کی خلاف ورزی قابل سزا جرم ہے، اور خلاف ورزی کی صورت میں کمپنی کے خلاف کارروائی اور جرمانے عائد کیے جا سکتے ہیں۔ کمپنی ان قانونی تقاضوں کی سختی سے پابندی کرے گی۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت

اہم حقائق کا بیان

ایجنڈا آئٹم نمبر 1۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ 2017 ("ایکٹ") کی دفعہ (3)166 کے تحت، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے منعقد کئے جانے والے اجلاسِ عام کے نوٹس کے ساتھ اہم حقائق کا بیان منسلک کرنا ضروری ہے، جس میں غیر جانبدار ڈائریکٹرز کے انتخاب کی وجہ بھی بیان کی جائے۔

موجودہ ڈائریکٹرز کی مدتِ کار 29 جنوری 2026 کو ختم ہو رہی ہے۔ ایکٹ کی دفعہ (1)159 کے تحت ڈائریکٹرز نے غیر معمولی اجلاسِ عام میں انتخاب کے لیے ڈائریکٹرز کی تعداد دس (10) مقرر کی ہے، جنہیں تین سال کی مدت کے لیے منتخب کیا جائے گا۔

تمام ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے لیے اہل ہیں۔ جو شخص ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہے، اسے اپنی امیدواری کا نوٹس، دفعہ (3)159 کے مطابق، غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم 14 دن پہلے جمع کروانا ہوگا۔

موجودہ ڈائریکٹرز کی دلچسپی اس حد تک ہے کہ وہ دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں۔

جو بھی شخص ڈائریکٹر کے عہدے کے لیے الیکشن میں حصہ لینا چاہے، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا نیا امیدوار، اُس پر لازم ہے کہ درج ذیل دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی-74000 پر اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 14 دن پہلے جمع کروائے:

(i) ایکٹ کی دفعہ (3)159 کے تحت ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا اظہارِ دلچسپی کا نوٹس، بمعہ ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی جو کہ ایکٹ کے قواعد کے مطابق "Appendix to Form-9" کے ساتھ منسلک ہو۔

(ii) تفصیلی پروفائل بمعہ دفتر کا پتہ، جو ایس ای سی پی کے S.R.O.1196(I)/2019 مؤرخہ 03 اکتوبر 2019 کے مطابق انتخابات کی تاریخ سے سات دن قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کی جائے گی۔

(iii) ڈائریکٹر کی جانب سے جس وقت اظہارِ دلچسپی کا نوٹس جمع کرایا جائے اس وقت لازم ہے کہ وہ کمپنی کا رکن ہو، سوائے ایسے فرد کے جو کسی ایسے رکن کی نمائندگی کر رہا ہو جو حقیقی شخص (natural person) نہ ہو۔

(iv) ایک اعلان جس میں اس بات کی تصدیق کی گئی ہو کہ:

الف۔ وہ اپنی ذمہ داریوں اور اختیارات سے متعلق متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کی لسٹنگ ریگولیشنز سے آگاہ ہے؛

ب۔ وہ ایکٹ، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019، یا دیگر کسی قابل اطلاق قوانین، قواعد و ضوابط کے تحت لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے۔

غیر جانبدار ڈائریکٹرز (Independent Directors) کا انتخابی عمل ایکٹ کی دفعہ 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار کے مطابق ہوگا۔ غیر جانبدار ڈائریکٹرز کو ایکٹ کی دفعہ (2)166 اور کمپنیز (طریقہ کار برائے انتخاب غیر جانبدار ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 میں بیان کردہ معیار پر پورا اترنا ضروری ہے، اور ان کا نام پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) کے زیرِ انتظام ایس ای سی پی سے منظور شدہ ڈیٹا بینک آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز میں شامل ہونا چاہیے۔ مزید یہ کہ ان کا انتخاب ان کی مہارت، قابلیت، علم اور تجربے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانا ہوں گی:

الف۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی شق (3)6 کے تحت غیر جانبدار ڈائریکٹر کا اعلان؛ اور

ب۔ غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ کہ وہ کمپنیز (طریقہ کار برائے انتخاب غیر جانبدار ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کی ریگولیشن (1)4 کے تقاضوں پر پورا اترتا/اترتی ہے۔

21.975 x 46

6x46

Font Size 7